AN INDEPENDENT NATIONAL DAILY FROM LAHORE
جھوٹ کیخلاف A.B.C CERTIFIED سچ کی طاقت
DAILY MASAFAT LAHORE
روزنامہ مسافت لاہور
بانی اصغر علی جٹ (مرحوم)
ایگزیکٹو ایڈیٹر چوہدری اکرم مجید
چیف ایڈیٹر مسز راحت آراء
ایڈیٹر حیدر علی بھٹی
قیمت 10 روپے
جلد نمبر 24 منگل یکم رمضان المبارک 1445ھ 12 مارچ 2024ء 29 پھاگن 2079ب شمارہ نمبر 269

مجھ پر الیکشن میں گڑبڑ کرانے کا الزام بغیر تصدیق نشر کیا گیا چیف جسٹس

ایک جرم کی ریکارڈنگ موجود ہے لیکن آپ ان ملزمان کا سراغ نہیں لگا سکے؟ اٹارنی جنرل صاحب یہ کس قسم کے آئی جی ہیں؟ ان کو ہٹا دیا جانا چاہیے، چار سال ہوگئے اور آپ کو کتنا وقت چاہیے؟' ریمارکس

پورا ملک آپکی کارکردگی دیکھ رہا، آئی جی کے رویے سے لگتا ہے وہ سہولت کاری کا مظاہرہ کر رہے ہیں، کسی صحافی کو گولی ماردو، کسی پر تشدد کرو، کسی کو اٹھالو، سیف سٹی کیمرے خراب ہوجاتے ہیں' جسٹس عیسیٰ

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) چیف جسٹس پاکستان نے صحافیوں کو ہراساں کرنے کے خلاف کیس میں آئی جی اسلام آباد پر شدید برہمی کا اظہار کیا ہے۔سپریم کورٹ میں صحافیوں کو ایف آئی اے نوٹسز اور ہراساں کئے جانے کیخلاف کیس کی سماعت ہوئی۔چیف جسٹس پاکستان نے آئی جی اسلام آباد پر شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایک جرم کی ریکارڈنگ موجود ہے لیکن آپ ان ملزمان کا سراغ نہیں لگا سکے؟ اٹارنی جنرل صاحب یہ کس قسم کے آئی جی ہیں؟ان کو ہٹا دیا جانا چاہیے۔چیف جسٹس پاکستان نے آئی جی اسلام آباد سے کہا کہ چار سال ہوگئے اور آپ کو کتنا وقت چاہیے؟ کیا آپ کو چار صدیاں چاہئیں؟ پورا ملک آپکی کارکردگی دیکھ رہا ہے، آئی جی اسلام آباد کے رویے سے لگتا ہے وہ سہولت کاری کا مظاہرہ کر رہے ہیں، کسی صحافی کو گولی (بقیہ نمبر1)

سینٹ انتخابات، الیکشن کمیشن کی تیاریاں مکمل، پولنگ دو اپریل کو ہوگی

52 سینیٹرز اپنی 6 سالہ مدت پوری ہونے کے بعد 12 مارچ 2024 کو ریٹائرڈ ہو جائیں گے

اسلام آباد (این این آئی) سینٹ انتخابات 2024 کے انعقاد کیلئے الیکشن کمیشن نے اپنی تیاریاں مکمل کر لی ہیں، انتخابی شیڈول 14 مارچ کو جاری کیا جائیگا، 2018 میں منتخب ہونے والے 52 سینیٹرز اپنی 6 سالہ مدت پوری ہونے کے بعد 12 مارچ 2024 کو ریٹائرڈ ہو جائیں گے تاہم سابقہ فاٹا سے منتخب 4 ارکان سینٹ کی جانب سے خالی ہونے والی نشستوں پر سینٹ کا انتخاب نہیں ہوگا کیونکہ (بقیہ نمبر 2)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے سربراہ پاک فضائیہ ظہیر احمد بابر ملاقات کر رہے ہیں

نو منتخب وفاقی کابینہ نے حلف اٹھا لیا

صدر زرداری نے کابینہ ارکان سے حلف لیا' خواجہ آصف، احسن اقبال، خالد مقبول صدیقی، شزا فاطمہ، محسن نقوی، امیر مقام، چودھری سالک حسین، ریاض پیرزادہ، رانا تنویر اور جام کمال شامل

اویس لغاری، عطاء اللہ تارڑ، قیصر شیخ، اسحاق ڈار، مصدق ملک، محمد اورنگزیب اور احد چیمہ نے بھی صدر مملکت سے حلف لیا جبکہ اعظم نذیر تارڑ اور شزا فاطمہ بھی حلف اٹھانے والوں میں شامل ہیں

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کی نو منتخب 19 رکنی کابینہ نے ایوان صدر میں حلف اٹھا لیا ہے۔ایوان صدر میں ہونیوالی حلف برداری کی تقریب کا آغاز قرآن پاک کی تلاوت سے کیا گیا۔بعدازاں صدر مملکت آصف علی زرداری نے نئی وفاقی کابینہ کے ارکان سے حلف (بقیہ نمبر11)

10 لاکھ سے زائد گھرانوں کو رمضان نگہبان پیکیج کی ترسیل مکمل

رمضان نگہبان پیکیج کے 64 لاکھ 79 ہزار گھرانوں میں سے 48 لاکھ 70 ہزار گھرانوں کے نام' پتہ کی تصدیق بھی مکمل کر لی گئی

لاہور میں 75 ہزار' خانیوال میں دوسرے نمبر پر 70 ہزار سے زائد' ڈیرہ غازی خان میں 63 ہزار سے رمضان پیکیج کی تقسیم مکمل

لاہور(این این آئی) وزیراعلی مریم نواز شریف کی ہدایت پر رمضان نگہبان پیکیج کی ڈیجیٹل مانیٹرنگ کی روزانہ کی بنیاد پر تیار کی گئی رپورٹ وزیراعلی آفس کو پیش کردی گئی، پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کارروائیوں کے اعداد وشمار بھی جاری کر دیئے گئے۔رپورٹ کے مطابق 10 لاکھ سے زائد (بقیہ نمبر 3)

بیرسٹر گوہر کا عمران خان سے ملاقات کیلئے اسلام آباد ہائیکورٹ سے رجوع

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر علی خان نے بانی تحریکِ انصاف (پی ٹی آئی) عمران خان (بقیہ نمبر 5)

سابق صدر علوی کو باتھ آئی لینڈ کراچی میں سرکاری گھر الاٹ کردیا گیا

صدر پنشن ایکٹ کے شیڈول کے پیرا ٹو کے مطابق عارف علوی کو سرکاری رہائش گاہ الاٹ کی گئی

کراچی(این این آئی) سابق صدر عارف علوی کو سرکاری گھر الاٹ کر دیا گیا۔عارف علوی کو باتھ آئی لینڈ کراچی میں سرکاری گھر الاٹ کیا گیا ہے۔حکومت پاکستان کے اسٹیٹ مینجمنٹ آفس نے سیکریٹری صدارتی سیکریٹریٹ کو مراسلہ ارسال کر دیا۔صدر پنشن ایکٹ کے (بقیہ نمبر 4)


لاہور، وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف سے کینیڈا کی ہائی کمشنر ملاقات کر رہی ہیں

فواد چوہدری کے جوڈیشل ریمانڈ میں 26 مارچ تک توسیع

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کی احتساب عدالت نے جہلم میں تعمیراتی منصوبوں میں خورد برد کیس میں سابق (بقیہ نمبر 12)

رمضان میں گیس، بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نہ کرنے کا فیصلہ

بجلی اور گیس کی تقسیم کار کمپنیوں نے لوڈشیڈنگ کا شیڈول دے دیا

لاہور(این این آئی) رمضان المبارک میں گیس اور بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نہ کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا۔گیس اور بجلی کی کمپنیوں نے لوڈ مینجمنٹ پلان تیار کرلیا ہے جس کے مطابق رمضان المبارک میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نہ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔حکام کے مطابق افطار، سحر اور تراویح کے (بقیہ نمبر13)

کینیڈا کے ساتھ معاشی تعلقات کو بلند ترین سطح پر لے جانا چاہتے ہیں مریم نواز

کینیڈا میں مقیم سکھ کمیونٹی کو درشن اور مذہبی سیاحت کیلئے آمد پر خیر مقدم کیا جائے گا' وزیراعلیٰ' مریم نواز سے مل کر خوشی ہوئی، پنجاب کو اچھا لیڈر مل گیا' کینیڈین ہائی کمشنر

مریم نواز سے کینیڈین ہائی کمشنر کی ملاقات، معاشی تعلقات کے فروغ کے امکانات پر تبادلہ خیال' پنجاب کے طلبہ کیلئے سکالرشپ بڑھانے کا جائزہ بھی لیا گیا

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے پاکستان میں تعینات کینیڈا کی ہائی کمشنر لیسلی سکنلین نے ملاقات کی۔ایوان وزیراعلیٰ میں ہونے والی ملاقات میں ایگزیکٹو ڈائریکٹر پاکستان ریجن نیل سٹیوارڈ، فرسٹ سیکرٹری علیشا سوسا اور ٹریڈ کمشنر علی خان بھی شریک تھے، کینیڈین ہائی کمشنر لیسلی سکنلین نے مریم نواز کو پنجاب کی پہلی خاتون وزیراعلی کا منصب سنبھالنے پر مبارکباد دی۔کینیڈین ہائی کمشنر نے مریم نواز شریف کی وزارت اعلی کو پنجاب کے عوام کے لئے خوش کن تبدیلی قرار دیا۔ملاقات میں کینیڈا اور پنجاب کے درمیان معاشی تعلقات کے فروغ کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا، کینیڈا کی اعلی تعلیمی اداروں میں پنجاب کے طلبہ کے لئے سکالرشپ بڑھانے کا جائزہ بھی لیا گیا۔اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلی پنجاب مریم نواز کا کہنا تھا کہ کینیڈا کے ساتھ معاشی تعلقات کو بلند ترین سطح (بقیہ نمبر10)

صدر زرداری کو گارڈ آف آنر پیش' بیٹی آصفہ کو خاتون اول کا درجہ دینے کا فیصلہ

آصف زرداری نے ایوان صدر کے افسران اور عملے سے مصافحہ کیا، گارڈ آف آنر کی تقریب میں بلاول، آصفہ، بختاور بھی شریک تھیں

صدر آصف علی زرداری بی بی آصفہ بھٹو کو خاتون اول ڈکلیئر کریں گے۔آصفہ بھٹو زرداری کو خاتون اول کا پروٹوکول دیا جائے گا' ذرائع

اسلام آباد(این این آئی) پاکستان کے 14ویں صدر کی حیثیت سے حلف اٹھانے کے بعد صدر مملکت آصف علی زرداری کو پیر کو یہاں ایوان صدر میں گارڈ آف آنر پیش کیا گیا۔قومی ترانے کے بعد نو منتخب صدر نے مسلح افواج کے چاق و چوبند دستے کی جانب سے پیش کئے گئے گارڈ آف آنر کا معائنہ کیا۔بعدازاں صدر مملکت آصف علی زرداری نے ایوان صدر کے افسران اور عملے سے مصافحہ کیا۔گارڈ آف آنر کی تقریب میں بلاول بھٹو، آصفہ اور بختاور بھٹو بھی شریک تھیں۔دوسری جانب صدر مملکت آصف علی زرداری نے بیٹی آصفہ بھٹو زرداری کو خاتون اول بنانے کا فیصلہ کرلیا۔ذرائع کے مطابق آصفہ بھٹو زرداری کو خاتون اول کا درجہ دیا جائے گا،صدر آصف علی زرداری بی بی آصفہ بھٹو کو خاتون اول ڈکلیئر کریں گے۔آصفہ بھٹو زرداری کو خاتون اول کا پروٹوکول دیا جائے گا۔واضح رہے کہ آصفہ بھٹو زرداری پہلی خاتون (بقیہ نمبر6)

اسلام آباد، صدر مملکت آصف علی زرداری کو گارڈ آف آنر پیش کیا جا رہا ہے

پنجاب اسمبلی پاکستان کا خوبصورت ترین ایوان ہے' سفیر آسٹریا

آسٹریا کی سفیر اینڈریا وِک کی پنجاب اسمبلی آمد، ایوان کا دورہ کروایا گیا

لاہور (این این آئی) آسٹریا کی سفیر اینڈریا وِک نے پنجاب اسمبلی کے ایوان کو پاکستان کا خوبصورت ترین ایوان قرار دے دیا۔آسٹریا کی سفیر اینڈریا وِک وفد کے ہمراہ پنجاب اسمبلی پہنچ گئیں جہاں انہوں نے سیکریٹری عامر حبیب سے ملاقات کی۔اس موقع پر انہوں نے (بقیہ نمبر 9)

پنجاب کے قلیل المدتی بجٹ کی منظوری لینے کا فیصلہ

آئندہ 3 ماہ کے بجٹ اخراجات کی اسمبلی سے منظوری لی جائے گی

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے قلیل المدتی بجٹ کی اسمبلی سے منظوری لینے کا فیصلہ کر لیا۔ذرائع کا کہنا ہے کہ اس حوالے سے پنجاب اسمبلی کا اجلاس اگلے ہفتے طلب کیے (بقیہ نمبر 14)

اسرائیلی بمباری میں رمضان کا آغاز، مسجد اقصی میں نماز ادائیگی ممنوع

اسرائیل نے یروشلم میں ہزاروں کی تعداد میں پولیس تعینات کردی، غیر ملکی میڈیا

تل ابیب (این این آئی) رمضان المبارک کے آغاز کے باوجود اسرائیلی جارحیت نہ رک سکی۔غیر ملکی خبررساں ادارے کے مطابق یکم رمضان کی رات اسرائیلی جنگی طیاروں نے غزہ (بقیہ نمبر 15)

لاہور، صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین رمضان پیکیج کی مانیٹرنگ کے حوالے سے بنائی گئی وزارتی کمیٹی کے پہلے اجلاس کی ویڈیو لنک کے ذریعے صدارت کر رہے ہیں

جلاؤ گھیراؤ مقدمہ، صنم جاوید کے جوڈیشل ریمانڈ میں 25 مارچ تک توسیع

لاہور (این این آئی) لاہور کی انسداد دہشت گردی عدالت نے 9 مئی کو تھانہ (بقیہ نمبر 7)

سنی اتحاد کو مخصوص نشستیں نہ دینے کیخلاف درخواست متعلقہ بنچ کو بھجوانے کی سفارش

لاہور(این این آئی) لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس عابد عزیز شیخ نے سنی اتحاد کونسل کو مخصوص نشستیں نہ دینے کے خلاف درخواست متعلقہ بنچ (بقیہ نمبر 8)

یہ آئین وقانون کو نہیں مانتے سمجھتے ہیں ڈنڈا شاہی سے حکمرانی کر لیں گے' لطیف کھوسہ

بانی پی ٹی آئی ہی عوام کا لیڈر رہے، 9 مئی سے لیکر 8 فروری تک کے معاملات کے لیے ایک کمیشن قائم کیا جائے

4 حلقوں کا آڈٹ کروالیں' دودھ کا دودھ' پانی کا پانی ہو جائیگا' ہمارا مینڈیٹ بحال ہونے تک احتجاج جاری رہیگا

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما لطیف کھوسہ نے کہا ہے کہ یہ حکومت آئین و قانون کو نہیں مانتی، یہ سمجھتے ہیں ڈنڈا شاہی سے حکمرانی کرلیں گے، جب تک ہمارا مینڈیٹ بحال نہیں ہوتا احتجاج جاری رہے گا۔لاہور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کل اس حکومت کی بوکھلاہٹ سب نے دیکھ لی ہے، ان لوگوں نے ملک کو قید خانہ بنادیا ہے۔اتوار کے روز مجھے گرفتار کرکے 6 گھنٹے تک بٹھائے رکھا، انہوں نے لاہور (بقیہ نمبر 16)

سیمنٹ کی قیمتوں میں ہفتہ وار بنیادوں پر معمولی کمی ریکارڈ

سیمنٹ کی فی بوری کی اوسط ریٹیل قیمت 1248 روپے ہوگئی

لاہور (این این آئی) ملک میں سیمنٹ کی ریٹیل قیمت میں ایک ہفتے کے دوران کمی ریکارڈ کی گئی۔پاکستان بیورو برائے شماریات کے مطابق 7 مارچ کو ختم ہونے والے ہفتے (بقیہ نمبر 17)

سموگ دوبارہ سر اٹھانے لگی' لاہور پھر دنیا کا آلودہ ترین شہر قرار

لاہور (این این آئی) باغوں کے شہر لاہور میں فضائی آلودگی نے پھر سے اپنے (بقیہ نمبر 18)

پی ڈی ایم حکومت اسٹیبلشمنٹ کے کہنے پر بنی تھی، جاوید عباسی

اسلام آباد (این این آئی) سینئر سیاستدان اور سینئر جاوید عباسی نے دعوی کیا ہے کہ (بقیہ نمبر19)

پی ٹی آئی کا پنجاب میں شیڈو کابینہ بنانے کا فیصلہ' اعلان 48 گھنٹوں میں متوقع

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے پنجاب میں شیڈو کابینہ (بقیہ نمبر 20)

ممبر (پاور) واپڈا جمیل اختر ہائیڈرو پاور پلانٹس کے آلات پر مشتمل ہائیڈل میوزیم کا دورہ کر رہے ہیں

لاہور، سیکرٹری پنجاب اسمبلی چوہدری عامر حبیب آسٹریلیا سفیر اینڈریا وک کو پنجاب اسمبلی کے نئے ایوان کا دورہ کرا رہے ہیں

غزہ میں سیز فائر کے بغیر رمضان کی آمد پر ہمارے دل دکھی ہیں، شاہ سلمان

اسرائیل محفوظ انسانی اور امدادی راہداریاں کھولنے کی ذمہ داری پوری کرے، بیان

ریاض (این این آئی) خادم حرمین شریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز نے کہا ہے کہ ہمارے لیے تکلیف کا باعث ہے کہ رمضان المبارک ایسے وقت میں آ رہا ہے جب ہمارے فلسطینی بھائی جارحیت کا سامنا کر رہے ہیں

عورت مارچ کیخلاف درخواست پر حکومت کو نوٹس جاری

غیر اخلاقی چیزوں سے ہمارے معاشرے میں برے اثرات آ رہے ہیں، سندھ ہائی کورٹ

کراچی (این این آئی) عورت مارچ اور شہر میں ہونے والے ایونٹ سے متعلق شکایات لیکر خواتین وکلا سندھ ہائیکورٹ پہنچ گئیں۔سندھ ہائیکورٹ نے خواتین وکلا کی پیپرا، وفاقی وصوبائی حکومت اور آرٹس

10 لاپتہ ماہی گیروں کے جسد خاکی کھلے سمندر سے نکال لئے گئے

راولپنڈی (این این آئی) پاک بحریہ اور پاکستان میری ٹائم سیکیورٹی ایجنسی کے لاپتہ ماہی گیروں کی تلاش کیلئے جاری (بقیہ نمبر 25)

سیکرٹری اوقاف پنجاب جاوید اختر محمود نے عہدے کا چارج سنبھال لیا

لاہور (این این آئی) سیکرٹری اوقاف پنجاب جاوید اختر محمود نے عہدے کا چارج سنبھال لیا۔حکومت پنجاب نے انکی تعیناتی (بقیہ نمبر24)

قرضوں کا بوجھ ترقی کی راہ میں رکاوٹ ہے' پاکستان نے اقوام متحدہ کو بتادیا

قرض کی ادائیگی بہت سے ترقی پذیر ممالک کے لیے ایک اہم مسئلہ بنی ہوئی ہے، منیر اکرم

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے اقوام متحدہ سے قرضوں کی پائیداری کے مسائل سے نمٹنے میں ترقی پذیر ممالک کی مدد کے لیے اپنے عزم کو مضبوط کرنے کی گزارش کی ہے۔غیر ملکی (بقیہ نمبر 23)

عوامی فلاح و بہبود حکومت کی ذمہ داری ہے' جہانزیب خان

ہمیں اس سوچ کو بدلنا ہوگا کہ صوبائی حکومت کے پاس انسانی صلاحیت کی کمی ہے، تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین پلاننگ کمیشن جہانزیب خان نے کہا ہے کہ عوامی فلاح و بہبود حکومت کی ذمہ داری ہے۔وہ نیشنل پلاننگ فریم ورک ورکشاپ کی تقریب سے (بقیہ نمبر 22)

فل کورٹ فیصلوں کو سراہتے ہیں جلد پیشرفت ہونی چاہئے' پنجاب بار کونسل

وکلاء تنظیمیں خوش دلی سے ہڑتال کی کال نہیں دیتیں، جائز مطالبات تسلیم نہ ہونے پر انتہائی اقدام پر مجبور ہوتے ہیں

امید ہے چیف جسٹس بار' بنچ کے درمیان خلیج پیدا کرنیوالے متنازعہ نوٹیفکیشن کو واپس لینگے' وائس چیئرمین کامران بشیر

لاہور (این این آئی) پنجاب بار کونسل کے وائس چیئرمین کامران بشیر مغل نے کہا ہے کہ فل کورٹ میں سائلین اور وکلاء کی فلاح اور مسائل کے حل سے متعلق فیصلوں کو سراہتے ہیں اور درخواست ہے ان پر عملدرآمد کیلئے جلد سے جلد پیشرفت کی جانی چاہیے، وکلاء تنظیمیں خوش دلی سے عدالتوں میں ہڑتال کی کال نہیں دیتیں کیونکہ اس سے وکلاء کا روزگار بھی بری طرح متاثر ہوتا ہے تاہم جب جائز مطالبات تسلیم نہیں کئے جاتے تو انتہائی اقدام پر مجبور ہوتے (بقیہ نمبر 32)

صحت کارڈ منصوبے میں بے ضابطگیوں کیخلاف قرارداد اسمبلی سیکرٹریٹ میں جمع

لاہور (این این آئی) صحت کارڈ منصوبے میں بے ضابطگیوں کے خلاف (بقیہ نمبر 30)

صدر زرداری کا اسفندیار ولی کی اہلیہ کی وفات پر اظہارِ تعزیت

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے سربراہ عوامی نیشنل پارٹی اسفندیار ولی کی اہلیہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور (بقیہ نمبر 29)

ڈپٹی سپیکر قومی اسمبلی کا اسفندیار کی اہلیہ اور ایمل ولی کی والدہ کے انتقال پر اظہار تعزیت

اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی سپیکر قومی اسمبلی سید غلام مصطفیٰ شاہ نے اے این پی کے رہنما اسفندیار ولی کی اہلیہ اور ایمل ولی کی والدہ کے (بقیہ نمبر28)

پرویز الٰہی کو کیس سے ڈسچارج کرنے کے فیصلے کو کالعدم قرار دینے کیخلاف اپیل پر سماعت ملتوی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے سابق وزیراعلیٰ پنجاب چودھری پرویز الٰہی کو کیس سے ڈسچارج کرنے کے فیصلے کو کالعدم قرار دینے کے خلاف اپیل پر سماعت اگلے ہفتے تک ملتوی (بقیہ نمبر 26)

سیاحت کے فروغ کیلئے پاکستانی عوام بیش قیمت اثاثہ ہیں، مسعود خان

سفارتکاری کا مقصد لوگوں کے درمیان تعلقات کو مضبوط بنانا' قوموں کے درمیان اعتماد پیدا کرنا ہے

واشنگٹن ڈی سی (این این آئی) امریکہ میں پاکستان کے سفیر مسعود خان نے کہا ہے کہ اعتماد، سفارت کاری کا کلیدی جزو ہے اور ہمیں اسے قائم رکھنا ہوگا، ہم سفارت کاری کا آغاز قریبی جاننے والوں سے کرتے ہیں پھر یہ دو افراد، دو برادریوں اور دو قوموں کے درمیان پر اعتماد دوستی (بقیہ نمبر31)

لاہور، ڈی جی ایل ڈی اے طاہر فاروق مختلف دفاتر کا دورہ کر رہے ہیں

پی ٹی آئی رہنما لطیف کھوسہ اور سلمان اکرم راجہ کو رہا کر دیا گیا

دونوں رہنماؤں کو کو پولیس نے احتجاج کرتے ہوئے گرفتار کیا تھا

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنماؤں لطیف کھوسہ اور سلمان اکرم راجہ کو رہا کردیا گیا۔پی ٹی آئی رہنماؤں کے فیملی ذرائع نے دونوں کی رہائی کی تصدیق کی ہے۔فیملی ذرائع نے بتایا ہے کہ لطیف کھوسہ اور سلمان اکرم راجہ کو پولیس نے احتجاج کرتے ہوئے گرفتار (بقیہ نمبر 27)

رمضان ریلیف پیکیج 12 لاکھ سے زائد گھرانوں کو راشن پہنچایا جا چکا' شافع حسین

رمضان و ماڈل بازاروں میں قائم فیئر پرائس شاپس پر 13 اشیاء 25 فیصد رعایتی نرخوں پر ملیں گی' وزیر صنعت

ملک کی تاریخ میں پہلی بار لوگوں کو ان کی دہلیز پر راشن پہنچایا جا رہا ہے' صوبائی وزیر خزانہ مجتبیٰ شجاع الرحمن

لاہور (این این آئی) رمضان ریلیف پیکج کی مانیٹرنگ کے حوالے سے بنائی گئی وزارتی کمیٹی کا سول سیکرٹریٹ میں پہلا اجلاس منعقد ہوا، صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین نے وڈیو لنک کے ذریعے اجلاس کی صدارت کی۔صوبائی وزرا مجتبی شجاع الرحمٰن، بلال یاسین، عظمی بخاری، عاشق حسین کرمانی اور متعلقہ محکموں کے سیکریٹریز نے اجلاس میں شرکت کی جبکہ ڈویژنل کمشنرز وڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شریک ہوئے۔اجلاس (بقیہ نمبر 21)

لاہور، ڈائریکٹر جنرل بہبود آبادی پنجاب ثمن رائے صوبہ بھر میں تولیدی صحت اور خاندانی منصوبہ بندی کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

لاہور، صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال سہیل شوکت بٹ دارالامان، صنعت زار اور دیگر اداروں کا دورہ کر رہے ہیں

روزنامہ
DAILY MASAFAT LAHORE
لاہور
مسافت
بانی
اصغر علی جٹ (مرحوم)
ایگزیکٹو ایڈیٹر
چوہدری اکرم مجید
چیف ایڈیٹر
مسز راحت آراء
ایڈیٹر
حیدر علی بھٹی

حماس کے لیے جاری فنڈنگ روکنے کی کوشش

معلوم ہوا ہے کہ جب قاہرہ میں جنگ بندی کے لیے مذاکرات جاری تھے تو اسرائیلی نمائندوں کی عدم شرکت کے دوران امریکی بھی فارغ نہیں رہے بلکہ دیگر آپشنز پر کام جاری رکھے ہوئے تھے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی وزارت خزانہ کے اہلکار نے حماس کے لیے جاری فنڈنگ روکنے کی کوشش کی۔ اس سلسلے میں امریکی وزارت خزانہ کے معاون وزیر خزانہ جیسی بیکر نے لبنان میں حماس کے لیے فنڈز کی ترسیل پر بات کی ۔ معاون وزیر خارجہ مشرق وسطی اور ایشیائی ممالک کی نگرانی کرتے ہیں تاکہ ان کے ہاں امریکی کاغذات میں دہشت گردوں کو فنڈز کی فراہمی کو روک سکتے ہیں۔ ان کا یہ دورہ ایسے وقت میں ہوا ہے جب غزہ میں اسرائیل اور حماس کے درمیان جنگ بندی کے لیے مذاکرات تعطل کا شکار دکھائی دیے۔ وزارت خزانہ کے ایک ذریعے نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا کہ بیکر نے لبنانی حکام کے ساتھ لبنان کے ذریعے حماس کیلئے فنڈز کی نقل وحرکت، حزب اللہ کے لیے فنڈز ایران سے لبنان اور پھر دوسرے علاقائی علاقوں میں منتقل کیے جانے پر اپنے خدشات کا اظہار کیا۔ امریکہ کے نزدیک ان فنڈز کی ترسیل روکنے کے لیے موثر اقدامات کی ضرورت ہے۔ کیونکہ یہ گروپ اپنے جنگجوں کو ادائیگیاں کر رہے ہیں۔ یہ امریکہ کے لیے قابل قبول نہیں ہے۔ وزارت خزانہ کے اہلکار نے مزید کہا کہ لبنان کے لیے، انسداد منی لانڈرنگ اور انسداد دہشت گردی کی مالی معاونت کے عالمی معیارات کی تعمیل کرنا امریکا اور باقی دنیا سے سرمایہ کاری کو راغب کرنے اور ملک کو طویل بحران سے نکالنے کے لیے بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔

صوبائی وزیر صحت سپیشلائزڈ کا سلامت پورہ میں فری میڈیکل کیمپ کا دورہ

میڈیکل کیمپ کے انعقاد پر الفلاح فاؤنڈیشن کی انتظامیہ کو مبارکباد دیتا ہوں، خواجہ سلمان ر

لاہور) خبرنگار (صوبائی وزیر محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن خواجہ سلمان رفیق نے سلامت پورہ لاہور میں مفت میڈیکل کیمپ کا دورہ کیا، میڈیکل کیمپ میں طبی سہولیات کے عمل کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ سلامت پورہ کی آبادی کیلئے مفت میڈیکل کیمپ کے انعقاد پر الفلاح فاؤنڈیشن پاکستان کی انتظامیہ کو مبارکباد دیتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے ثمرات عوام تک ضرور پہنچتے ہیں۔ میڈیکل کیمپ میں مریضوں کو دل، ناک کان گلا اور گائنی کی مفت سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔ صوبائی وزیر صحت نے مزید کہا کہ اللہ تعالی کے قریب خدمت انسانیت کا بڑا مقام ہے۔ واضح رہے کہ میڈیکل کیمپ کا انعقاد الفلاح فاؤنڈیشن پاکستان کی جانب سے کیا گیا۔

منتخب ممبر قومی وصوبائی اسمبلی کے وارنٹ گرفتاری جاری

این۔اے 95اور جنید افضل ساہی پی۔پی 98 سے آزاد حیثیت سے ممبر اسمبلی منتخب ہوئے ہیں

چک جھمرہ) نامہ نگار (منتخب ممبر قومی وصوبائی اسمبلی کے وارنٹ گرفتاری جاری۔ حالیہ الیکشن میں علی افضل ساہی این۔اے 95اور جنید افضل ساہی پی۔پی98 سے آزاد حیثیت سے ممبر اسمبلی منتخب ہوئے ہیں، دونوں سابق سپیکر پنجاب اسمبلی چوہدری محمد افضل ساہی کے فرزند ہیں اور انکا تعلق پاکستان تحریک انصاف سے ہے اور دونوں 9 مئی کے حملوں میں ملوث ہونے کی وجہ سے انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت نے کل ہر صورت گرفتار کرکے پیش کرنے کا وارنٹ جاری کر دیا، ایم این اے علی افضل ساہی گذشتہ دنوں ریٹائرڈ ہونے والے چیف جسٹس پنجاب امیر حسین بھٹی کے داماد ہیں۔ الیکشن سے قبل ساہی فیملی پر ایک بڑا پریشر تھا کہ عمران خان کو چھوڑ دیں مگر انہوں نے ایسا کرنے سے انکار کردیا ساہی فیملی ذرائع کے مطابق صرف ثابت قدمی ہی ہماری منزل ہے 9 مئی واقعات میں جو کچھ ہوا اسکی بھر پور مذمت کرتے ہیں ان واقعات میں ہمارا اور پارٹی کا کوئی کردار نہیں

ملکی ترقی وخوشحالی کی طرف گامزن کرنے کیلئے ہمیں آنے والی نسلوں کو جدید سائنسی تعلیم سے آراستہ کرنا ہوگا، سردار بشارت احمد سالک

گوجرانوالہ (یاسین مغل سے) ملکی ترقی وخوشحالی کی طرف گامزن کرنے کیلئے ہمیں آنے والی نسلوں کو جدید سائنسی تعلیم سے آراستہ کرنا ہوگا، بچے ہمارا مستقبل ہیں، آئندہ ملک کی باگ دوڑ انہیں کے سر ہے، ان خیالات کا اظہار انجمن تاجران گوجرانوالہ و پنجاب کے نائب صدر سردار بشارت احمد سالک نے مقامی میرج ہال میں اپیل گروپ آف سکولز کی سالانہ تقسیم انعامات کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا، تقریب سے چیئرمین ڈسٹرکٹ پریس گوجرانوالہ عتیق یوسف ضیاء، جنرل سیکرٹری ڈسٹرکٹ پریس کلب چودھری شفقت ندیم گورائیہ، صاحبزادہ محمد سعید حاتم، چیئرمین اسٹینڈنگ کمیٹی چیمبر آف کامرس چودھری شاہد اقبال وڑائچ، محمد اقبال مغل، حاجی محمد اختر، محمد ادریس مغل اور پرنسپل اپیل گروپ آف سکولز نعمان اختر نے بھی خطاب کیا اور طلبا و طالبات میں انعامات تقسیم کئے۔

پنجاب میں گرانفروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن تیز، ایک ہفتے میں 1757 گرفتار،

(نوشہرہ ورکاں تحصیل رپورٹر) پنجاب میں گرانفروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن تیز، ایک ہفتے میں 1757 گرفتار، 639 مقدمات درج اضلاع میں سبزیوں کی قیمتوں میں فرق کا کوئی جواز نہیں، تمام اضلاع کے نرخناموں سے متعلق رپورٹ روزانہ کی بنیاد پر طلب چیف سیکرٹری کا گوجرانوالہ، قصور، بہاولنگر سمیت 10 اضلاع میں رمضان پیکج کے تحت راشن بیگز کی تقسیم کا عمل تیز کرنے کا حکم راشن بیگز گھروں کی دہلیز پر فراہم نہ کرنے والے عملہ کیخلاف سخت کارروائی کی جائے گی کمشنرز کو ہدایتگو جرانوالہ رمضان المبارک میں پنجاب میں گرانفروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن تیز کر دیا گیا ہے اور نگہبان رمضان پیکج کی تقسیم کے عمل میں بھی سرعت لاتے ہوئے رمضان المبارک کے دوران انتظامات میں بھی بہتری لائی جائے۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ ایک ہفتےکے دوران 1757 افراد کو گرفتار اور 639 مقدمات درج کئے گئے ہیں پرائس مجسٹریٹس نے گرانفروشی میں ملوث دکانداروں پر بھاری جرمانے بھی عائدکیےپرائس مجسٹریٹس کی جانب سے کی جانیوالی کارروائیوں سے متعلق رپورٹ چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان کی زیر صدارت منعقدہ اجلاس کے دوران پیش کی گئی۔ صوبائی وزرا نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی اور ہدایت کی کہ پرائس کنٹرول اقدامات کو مزید موثر بنایا جائےچیف سیکرٹری نے کہا کہ اشیا کی مقررہ سے زائد نرخوں پر فروخت کسی صورت برداشت نہیں انہوں نے کہا کہ اضلاع میں اشیا خورونوش کی قیمتیں ڈپٹی کمشنرز خود مقرر کرتے ہیں نرخنامہ پر عملدرآمد بھی انکی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ مختلف اضلاع میں سبزیوں، دالوں کی قیمتوں میں فرق کا کوئی جواز نہیں۔ چیف سیکرٹری نے تمام اضلاع کے نرخناموں سے متعلق رپورٹ روزانہ کی بنیاد پر طلب کی اور ہدایت کی کہ قیمتوں کی موثر نگرانی کیلئے انتظامی افسران فیلڈ میں متحرک رہیں گوجرانوالہ، قصور بہاولنگر سمیت 10 اضلاع میں راشن بیگز کی تقسیم کا عمل تیز کرنے کا حکم دیتے ہوئے چیف سیکرٹری نے کہا کہ نگہبان رمضان پیکج کا بنیادی مقصد مستحق افراد کو راشن بیگز کی گھر کی دہلیز پر فراہمی یقینی بنایا جائے کہ مستحق افراد کو راشن بیگز انکے گھروں پر ہی ڈیلیور کئے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ راشن بیگز گھروں کی دہلیز پر فراہم نہ کرنے والے عملہ کیخلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ چیف سیکرٹری نے پنجاب فوڈ اتھارٹی کو راشن بیگز میں فراہم کی جانیوالی اشیا کے معیار کی سخت چیکنگ کرنے سے متعلق بھی ہدایات جاری کیں۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری صنعت زراعت اور متعلقہ محکموں کے سیکرٹریز اور کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن نوید حیدر شیرازی نے شرکت کی اس کے علاوہ ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن افضال قمر وڑائچ اے سی جی تنویر یاسین، ڈائریکٹر زراعت جاوید اقبال، ڈی او انڈسٹریز محمد شفیق متعلقہ محکموں کے افسران کمشنر دفتر میں شریک تھےجبکہ تمام ڈویژنل کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز ویڈیو لنک کے ذریعے شریک ہوئےکمشنر نوید حیدر شیرازی نے بتایا کہ گوجرانوالہ ڈویژن میں 6لاکھ 53ہزار 909 خاندانوں میں نگہبان رمضان پیکج کی تقسیم کا عمل تیزی سے شروع کر دیا گیا ہے اور 20 رمضان سے قبل فوڈ ہیمپر زتمام خاندانوں میں تقسیم کر دیئے جائیں گے۔ اس پیکج سے 3 کروڑ 18لاکھ 12ہزار 814 افراد مستفید ہونگے

رانا محمد داد صدر اور محمد مزمل سعیدی جنرل سیکرٹری امام حسن کونسل سٹی جہانیاں منتخب

گوجرانوالہ (یاسین مغل سے) رانا محمد داد صدر اور محمد مزمل سعیدی جنرل سیکرٹری امام حسن کونسل سٹی جہانیاں منتخب۔ سربراہ امام حسن کونسل پاکستان صاحبزادہ پیر ناصر عباس نوشاہی قادری ایڈووکیٹ قاری غلام عباس قادری علامہ فدا حسین چشتی اور حاجی محمد اقبال کمبوہ کی مبارکباد تفصیلات کے مطابق امام حسن کونسل پاکستان سٹی جہانیاں کا انتخابی اجلاس زیر صدارت علامہ فدا حسین چشتی صدر تحصیل جہانیاں منعقد ہوا جبکہ مہمانان خصوصی امام حسن کونسل پاکستان کے مرکزی چیئرمین وگدی نشین دربار عالیہ حضرت پیر محمد یار بھٹی نوشاہی قادری المعروف بابا مالی شاہ سرکار صاحبزادہ پیر ناصر عباس نوشاہی قادری ایڈووکیٹ مرکزی جوائنٹ سیکرٹری قاری غلام عباس قادری اور تحصیل جہانیاں کے جنرل سیکرٹری حاجی محمد اقبال کمبوہ حامدی تھے اجلاس میں امام حسن کونسل پاکستان جہانیاں کے کارکنان نے متفقہ طور پر رانا محمد داد خان سعیدی کو امام حسن کونسل پاکستان سٹی جہانیاں کا بلا مقابلہ صدر اور قاری محمد مزمل سعیدی کو امام حسن کونسل پاکستان سٹی جہانیاں کا بلا مقابلہ جنرل سیکرٹری منتخب کیا نومنتخب صدر و جنرل سیکرٹری کو قائدین نے مبارکباد دی اور امید ظاہر کی کہ دونوں نومنتخب قائدین سٹی جہانیاں میں امام حسن کونسل پاکستان کے کام کو آگے بڑھانے میں اہم کردار ادا کریں گے

سرگودھا یونین آف جرنلسٹس کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے سرگودھا جرنلسٹ لڈو ٹورنامنٹ کی تقسیم انعامات کی تقریب کا انعقاد

سرگودھا) بیورو چیف رانا اسلم شاہین سے) سرگودھا یونین آف جرنلسٹس کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے سرگودھا جرنلسٹ لڈو ٹورنامنٹ کی تقسیم انعامات کی تقریب کا انعقاد گذشتہ روز سرگودھا یونین آف جرنلسٹس کے آفس کمپنی باغ میں ہوا۔ تقریب کے مہمان خصوصی انٹرنیشنل ہیومن رائٹس کمیشن کی سینئر وائس چیئرمین ڈاکٹر عتیقہ ریحان تھیں جبکہ دیگر مہمانان گرامی میں سرگودھا بار کی سابق نائب صدر ثمینہ حماد ملک صدر SUJ شیخ رضوان ، راہنما پیپلز پارٹی سرگودھا کاشف سلیم قریشی، چوہدری اجمل، خالد اصغر شیخ، ناصر قریشی، مدثر عباس پاشا، خواجہ شجاعت و دیگر شامل تھے۔ تقریب میں مہمان خصوصی نے ٹورنامنٹ کی فاتح ٹیم شہزادہ عمران اور نوید گوندی اور سیکنڈ پوزیشن حاصل کرنے والی سنی باوا، ضیاالحق اور رانا اسلم شاہین کی ٹیم کو میڈل ، ٹرافی اور نقد کیش انعامات دیئے۔ اس موقع پر مہمانان گرامی حضرات نے اپنے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کھیل ہمیشہ معاشرے میں صحت مند سرگرمیوں کے فروغ کا باعث بنتے ہیں صحافیوں میں کھیلوں کی سرگرمیوں کا انعقاد ایک خوش آئند بات ہے۔ اس موقع پر صحافیوں اور دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی کثیر تعداد بھی موجود تھی۔

شہید ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں ہم اپنے شہدا کی فیملیز کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، ڈی پی او سرگودہا

سرگودھا) رانا اسلم شاہین سے (شہید ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں ہم اپنے شہدا کی فیملیز کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، ڈی پی او سرگودہا۔ تفصیلات کے مطابق گذشتہ روز ڈی پی او محمد فیصل کامران کی صوبائی وزیر صہیب احمد بھرتھ کے ہمراہ امن وامان کے قیام کے دوران شہادت کا رتبہ پانے والے کانسٹیبل محسن عباس شہید کے گھر آمد ہوئی۔ اس موقع پر انہوں نے شہید کانسٹیبل کے لواحقین سے تعزیت کی اور شہید کے بلندی درجات کے لیے فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر ڈی پی او محمد فیصل کامران نے شہید کے والد سے کہا کہ شہید محسن عباس نے جس دلیری سے فرائض کی انجام دہی میں اپنی جان شہریوں کے تحفظ اور قیام امن کی راہ میں قربان کی ہے سرگودھا پولیس کو اس پر فخر ہے۔ اس کی قربانی ہم سب کے لئے مشعل راہ ہے۔ انہوں نے شہید کانسٹیبل کے لواحقین سے تعزیت کی اور شہید کے بلندی درجات کے لیے فاتحہ خوانی کی شہید ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں ہم اپنے شہدا کی فیملیز کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، ڈی پی او اس موقع پر ڈی پی او محمد فیصل کامران نے شہید کے والد سے کہا کہ شہید محسن عباس نے جس دلیری سے فرائض کی انجام دہی میں اپنی جان شہریوں کے تحفظ اور قیام امن کی راہ میں قربان کی ہے سرگودھا پولیس کو اس پر فخر ہے۔ اس کی قربانی ہم سب کے لئے مشعل راہ ہے

ضلع بہاولنگر کی پانچ تحصیلوں میں عوام کو ریلیف دینے اور مصنوعی وخود ساختہ مہنگائی کو کنٹرول کرنے کیلئے تمام پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کو زیرو ٹالرینس پالیسی پر عملدرآمد، ڈپٹی کمشنر بہاولنگر ذوالفقار احمد

چشتیاں)چوھدری عثمان) ڈپٹی کمشنر بہاولنگر ذوالفقار احمد نے کہا ہے کہ وزیر اعلی پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی ہدایت پر ضلع بہاولنگر کی پانچ تحصیلوں میں عوام کو ریلیف دینے اور مصنوعی و خودساختہ مہنگائی کو کنٹرول کرنے کیلئے تمام پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کو زیرو ٹالرینس پالیسی پر عملدرآمد اور مقررہ نرخوں معیاری اشیا خورد ونوش کی فروخت کو یقینی بنانے کی ہدایات جاری کر دی ہیں۔ انہوں نے اپنے دفتر میں پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مزید کہا کہ عوام کو ریلیف پہنچانا حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے چنانچہ اشیا کی قیمتوں، طلب اور رسد کی کڑی نگرانی کریں اور ناجائز منافع خوری، گرانفروشی میں ملوث افراد سے سختی سے نمٹا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اشیا خورونوش میں ملاوٹ کرنے والے عوام دشمن عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن کیا جائے اور ملاوٹ کے مکروہ دھندے میں ملوث افراد کو قرار واقعی سزا دلوائی جائے۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنرز و دیگر محکموں کے افسران نے بھی شرکت کی۔

کمالیہ گیس پریشر کے مسئلہ کو حل کرنے کے لئے کمالیہ میں TBS سسٹم نصب کر دیا گیا

کمالیہ) نامہ نگار) کمالیہ گیس پریشر کے مسئلہ کو حل کرنے کے لئے کمالیہ میں TBS سسٹم نصب کر دیا گیا جس کا افتتاح سابق امیدوار صوبائی اسمبلی چوہدری شاہد اقبال گجر سینئر رہنما مسلم لیگ ن عبدالکریم انصاری اور سابق سٹی ناظم چوہدری رشید احمد گجر نے کیا اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے سینئر رہنما مسلم لیگ ن عبدالکریم انصاری نے کہا کہ TBS سسٹم عیدگاہ خیراہ شہید چوک میں نصب کیا گیا ہے جسکے ذریعے کچی بستی، رضا آباد، بلال گنج، چاہ کھجی والا محلہ امرتسریاں، جنڈی والا، فاضل دیوان، مدینہ آباد اور محلہ پکھلانوالہ میں جو گیس کے پریشر کی کمی تھی وہ پوری ہوگی۔ اور یہ سسٹم اسی ماہ سے کام شروع کردے گا۔ باقی علاقوں کی گیس کی کمی کو پورا کرنے کیلئے ریلوے پھاٹک کمالیہ سے ایک 10 انچ کی ٹرانسمیشن لائن بچھائی جائے گی جو تھانہ موڑ تک ہوگی جس سے باقی ایریاز کی گیس کے پریشر کی کمی کو پورا کیا جائے گا۔ مسلم لیگ ن کی حکومت بن چکی ہے عوام مطمئن رہیں انشااللہ کمالیہ میں مزید جتنے بھی مسائل ہیں وہ ایک ایک کر کے سب جلد حل کیے جائیں گے۔

رمضان المبارک بندہ مومن کو زندگی میں ایک بار پھر عطا ہو رہا ہے، امیر عبدالقدیر اعوان

ڈسکہ (محمد بلال سے) امیر عبدالقدیر اعوان شیخ سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ وسربراہ تنظیم الاخوان پاکستان نے کہا کہ رمضان المبارک بندہ مومن کو زندگی میں ایک بار پھر عطا ہو رہا ہے جو کہ اللہ کریم کا بہت بڑا احسان اور رعایت ہے ہم اس ماہ مبارک میں اپنے اعمال کا جائزہ لیں اور اس کی مبارک ساعتوں میں پر خلوص ہو کر صرف اللہ کی رضا کے لیے عبادات کریں آج ہماری نافرمانیوں کے باوجود اللہ نے ہمیں پھر مہلت دی ہے کہ اس میں اجر وثواب کو کئی گنا بڑھا دیا جاتا ہے ہم سب اس کی برکات کو دیکھتے ہوئے اس کے منتظر نظر آئیں انہوں نے کہا کہ دنیا کا نظام اللہ کریم نے عدل پر قائم رکھا ہوا ہے۔ عدم توازن سے کوئی شئے اپنا وجود قائم نہیں رکھ سکتی جب دنیا میں فساد بڑھتا ہے تو اللہ کریم ایسی مخلوق پیدا فرما دیتے ہیں جنہیں اللہ محبوب رکھتا ہے اور وہ اللہ کو محبوب رکھتے ہیں ہر شئے اللہ کا ذکر کرتی ہے جو مخلوق اللہ کا ذکر چھوڑ دے وہ فنا ہو جاتی ہے دار دنیا کی زندگی ہمارے دم سے ہے یہ سمجھ لینا درست نہیں ہے ہم نہیں تھے تو یہ دنیا قائم تھی ہم نہ ہوں گے تب بھی یہ نظام چل رہا ہوگا یہ دنیا نیکی کرنے والوں کی وجہ سے قائم ہے جب تک اللہ اللہ کرنے والا ایک بھی موجود ہے یہ دنیا قائم رہے گی انہوں نے مزید کہا کہ اسلام کے نام پر بننے والے ملک میں بھی تحفظ نبوت کی ضرورت پیش آ رہی ہے آپ ﷺ کی بعثت سب سے آخر میں ہوئی آپ ﷺ کی ذات اقدس نبوت کی عمارت کی تکمیل ہے دعا ہے کہ اللہ کریم ایسے لوگ پیدا فرمائیں جو ہماری تربیت کا سبب بنیں ہمارے گناہ ایسے ہیں کہ ہم اس معاشرے کی برائی کا مقابلہ نہیں کر پا رہے بڑی بڑی قومیں ان کے اعمال کی وجہ سے تباہ کر دی گئیں آج ہمارے معاشرے میں وہ ساری برائیاں موجود ہیں لیکن نبی کریم ﷺ کی بعثت کے صدقے اجتماعی عذاب ختم کر دیئے گئے اللہ کریم ہمیں صحیح شعور عطا فرمائیں آخر میں انہوں نے ملکی سلامتی اور بقا کی اجتماعی دعا بھی فرمائی

بکرے کی ماں کب تک خیر منائے گی۔ واپڈا کا سامان کباڑیے کو اونے پونے دام میں فروخت کا انکشاف

جہلم (مرزا فاران بیگ) بکرے کی ماں کب تک خیر منائے گی۔ واپڈا کا سامان کباڑیے کو اونے پونے دام میں فروخت کا انکشاف۔ ٹرانسفارمر۔ تاریں۔ کھمبے اور دیگر سرکاری اشیا کی چوری پکڑی گئی ذرائع کے مطابق۔ پولیس نے۔ تین کباڑیوں کو حراست میں لے لیا۔ متعدد سرکاری سامان برآمد۔ ۔ دینہ کے تین واپڈا اہلکار ملوث۔ ۔ پولیس کے ساتھ ساز باز کرنے لئے سفید پوشوں کی دوڑیں واپڈا ملازمین کو کیس سے باہر رکھنے کی کوششیں جاری

رانا شبیر حیدر کی آصف علی زرداری کو صدر مملکت منتخب ہونے پر مبارکباد

نوشہرہ ورکاں) تحصیل رپورٹر) رانا شبیر حیدر کی آصف علی زرداری کو صدر مملکت منتخب ہونے پر مبارکباد، آصف علی زرداری کا دوسری مرتبہ صدر مملکت منتخب ہونا پاکستان پیپلز پارٹی اور جمہوری قوتوں کی سیاسی فتح ہے رانا شبیر حیدر مبارک رہنما پی پی پی تفصیلات کے مطابق پاکستان پیپلز پارٹی کے تحصیل صدر نوشہرہ ورکاں ٹکٹ ہولڈر پی پی 69 رانا شبیر حیدر مبارک نے کہا ہمیکھفاہمت کے بادشاہ مرد آ ہن آصف علی زرداری کو اسلامی جمہوریہ پاکستان کا دوسری مدتبہ صدر مملکت منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں صدر مملکت آصف علی زرداری کی کامیابی پاکستان پیپلز پارٹی اور جمہوری قوتوں کی کامیابی ہے رانا شبیر حیدر مبارک ٹکٹ ہولڈر پی پی 69 نے مزید کہا کہ وہ مفاہمت کے بادشاہ ہیں ان کے صدر منتخب ہونے سے ملک میں جمہوریت مضبوط ہوگی پارٹی میں نئی روح پھونک دی گئی ہے انشا اللہ وہ دن دور نہیں جب ایوان صدر کے ساتھ ساتھ وزیر اعظم بھی جیالا ہوگا

رمضان المبارک امت مسلمہ کے لیے بہت بڑا انعام ہے روزہ تقوی اور پرہیزگاری سکھاتا ہے، پروفیسر ڈاکٹر علامہ محب النبی طاہر

ننکانہ صاحب) حکیم ریاض احمد) رمضان المبارک امت مسلمہ کے لیے بہت بڑا انعام ہے روزہ تقوی اور پرہیزگاری سکھاتا ہے تزکیہ نفس کے لیے ہماری سوچ اور خیالات پاکیزہ ہونے چاہیے اللہ کریم ہمیں نیکیاں سمیٹنے اور خوشیاں بانٹنے کی توفیق عطا فرمائے پروفیسر ڈاکٹر علامہ محب النبی طاہر تفصیلات کے مطابقالاحسان اسلامک سینٹر فرید نگر شریف ننکانہ صاحب میں استقبال رمضان ماہ مقدس کی آمد کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے بانی ومہتمم معروف عالم دین مذہبی سکالر پروفیسر ڈاکٹر علامہ محب النبی طاہر نے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ رمضان المبارک نزول رحمت اور برکتوں کا مہینہ ہے امت مسلمہ کو ماہ مبارک کی آمد کی خوشیاں مبارک ہو ماہ رمضان امت مسلمہ کے لیے بہت بڑا انعام ہے اور نیکیاں سمیٹنے کا موسم بہار ہے اس ماہ مبارک میں ایک فرض کا سبب 70 گنا بڑھا دیا جاتا ہے ماہ مقدس ہمارے لیے بہت سی برکتیں اور نعمتیں لے کر آتا ہے ماہ رمضان میں مومنین کا رزق بڑھا دیا جاتا ہے اور اللہ رب العزت رحمت کے سارے دروازے کھول دیتا ہے روزہ خالق اور مخلوق کے درمیان پوشیدہ عمل ہے جس کا بہت بڑا اجر وثواب ہے ماہ صیام اللہ تعالی کی طرف سے تحفہ ہے یہ ہمیں بخشش اور اللہ کی رحمتیں سمیٹنے کا موقع فراہم کرتا ہے ہمیں گناہوں سے توبہ کرنی چاہیے اور اللہ کریم کا شکر ادا کرنا چاہیے روزے سے ہمارے بدن ذہن اور دماغ کا تزکیہ ہو جاتا ہے یہ دیگر عبادات سے مختلف عبادت ہے جس کا اجر اللہ کریم خود دے گا روزے کا مقصد گناہوں سے بچنا اور تقوی اختیار کرنا ہے رمضان اور قران اپس میں لازم وملزوم ہیں اس مقدس میں ہمیں قران شریف ترجمے وتفسیر کے ساتھ اور سمجھ کر پڑھنا چاہیے مخیر حضرات کمر توڑ مہنگائی میں سفید پوش اور غریب گھرانوں کی مدد کو یقینی بنائیں رمضان کا مہینہ ہم سب کے لیے دوسروں کے غم بانٹنے اور احساس کرنے کا مہینہ ہے یہی وہ بابرکت بہتا ہے جس میں انسان نیکیاں کر کے کمال کی منزل پر پہنچ سکتا ہے یہ اصلاح اور نفس امارہ پر کنٹرول کی ایک فرصت ہے جو اللہ تعالی نے اپنے بندے کو رمضان المبارک کی صورت میں عطا کی ہے یہ مہینہ جہاں انفرادی اصلاح تزکیہ نفس اور عبادات کا تقاضہ کرتا ہے وہیں خلق خدا سے محبت اور خیر خواہی کا بھی متقاضی ہے اور سب سے بڑی خیر خواہی تو یہی ہے انسان اپنے خالق کے بتائے ہوئے طریقے زندگی کو نہ صرف خود اپنائے بلکہ دوسروں کو بھی بندگی رب کے طریقہ پر لگایا جائے اللہ کریم کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ اس نے ہمیں زندگی میں ایک مرتبہ پھر رمضان المبارک کا مہینہ عطا فرمایا اور اس بابرکت مہینے کے فیوض و برکات سمیٹنے کا موقع فراہم کیا اللہ کریم امت مسلمہ پہ اپنی رحمتوں اور برکتوں کا نزول فرمائے کریم ہمیں نیکیاں سمیٹنے اور خوشیاں بانٹنے کی توفیق عطا فرمائے

رمضان ریلیف پیکیج کی ڈورسٹیپ فراہمی کا مقصد مستحقین کی عزت نفس کی پاسداری ہے، ڈپٹی کمشنر ننکانہ چوہدری محمد ارشد

ننکانہ صاحب) غلام سرور) رمضان ریلیف پیکیج کی ڈورسٹیپ فراہمی کا مقصد مستحقین کی عزت نفس کی پاسداری ہے، مستحقین ہمارے بھائی اور بہن ہیں ان کی عزت نفس کا خیال رکھنا ہماری پہلی ذمہ داری ہے۔ ڈپٹی کمشنر ننکانہ چوہدری محمد ارشد تفصیلات کے مطابقوزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت کے مطابق رمضان نگہبان ریلیف پیکیج کی ڈورسٹیپ فراہمی کے لیے ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب چوہدری محمد ارشد فیلڈ میں متحرک ہیں، گزشتہ روز ڈپٹی کمشنر ننکانہ نے تحصیل ننکانہ صاحب، تحصیل شاہکوٹ اور تحصیل سانگلہ ہل میں رمضان نگہبان ریلیف پیکج کی کوالٹی، پیکنگ اور ترسیل کے عمل کا جائزہ لینے کے لیے ویئر ہاؤسز اور راشن ترسیل ٹیموں کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے ضلع کی تینوں تحصیلوں کے مختلف علاقوں کا ہنگامی دورہ کیا اور مستحقین کو اپنے ہاتھوں سے رمضان پیکیج حوالے کیا۔ ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب کے ہمراہ اے سی شاہکوٹ اور اے سی سانگلہ ہل سمیت دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر چوہدری محمد ارشد نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات پر رمضان پیکیج ہر صورت مستحق کے گھر کی دہلیز پر دینا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گھروں کی دہلیز پر رمضان ریلیف پیکیج کی فراہمی کا مقصد مستحقین کی عزت نفس کی پاسداری ہے، مستحقین ہمارے بھائی اور بہن ہیں ان کی عزت نفس کا خیال رکھنا ہماری پہلی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ دو روز کے دوران رمضان نگہبان ریلیف پیکیج 20ہزار 100سو مستحقین کی دہلیز پر فراہم کر دیا گیا ہے اور ضلع ننکانہ میں مجموعی طور پر 91500 گھرانوں کے مستحقین کو رمضان پیکیج فراہم کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ آج سے ننکانہ میں رمضان نگہبان پیکیج کی ڈورسٹیپ فراہمی 08 تا 10ہزار روزانہ ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ 10 رمضان المبارک تک تمام مستحق گھرانوں میں راشن کی تقسیم کے عمل کو مکمل کر لیا جائے گا۔۔

نشتر پریس کلب گوجرانوالہ کے زیر اہتمام دی ریڈر کالج میں ایک پروگرام منعقد کیا گیا

گوجرانوالہ (یاسین مغل سے) نشتر پریس کلب گوجرانوالہ کے زیر اہتمام دی ریڈر کالج میں ایک پروگرام منعقد کیا گیا جس میں 50 سے زیادہ عہدیداران میں کارڈز اور نوٹیفکیشن دیئے گئے جس میں مہمان خصوصی جناب اسسٹنٹ کمشنر گوجرانوالہ یاسین تنویر صدر گوجرانوالہ بار ایسوسی ایشن جناب چوہدری عامر منیر باگڑی ڈپٹی ڈائریکٹر تعلقات عامہ منور حسین چوہدری اشرف مجید پرنسپل گورنمنٹ ہائی سکول اروپ حافظ بابر ایڈووکیٹ عبدالواسع صاحبزادہ جنید جنیدی ایڈووکیٹ محمد نعیم اور دیگر شرکا نے نشتر پریس کلب کے منشور کو سراہا اور عہدیداران میں ممبر شپ کارڈز اور نوٹیفکیشن تقسیم کئے گئے اس موقع پر نشتر پریس کلب کے چیئرمین محمد عظیم بٹ اور صدر غلام دستگیر ڈار نائب صدر سید احمد رضا گیلانی جنرل سیکرٹری شہزادہ انجم خان ایکشن کمیٹی کے صدر تہذیب باجوہ راشد بٹ عدنان سنی بٹ غلام شبیر علی رضا جعفری نائب صدر ایکشن کمیٹی ڈاکٹر عادل رانا انفارمیشن سیکرٹری میڈم نویدہ بخاری جوائنٹ سیکرٹری عابد ہاشمی گلشن سمیرا اینکر پرسن نائب صدر فیصل جٹ پروفیسر ڈاکٹر فرخ شفیق ورک اور دیگر عہدیداران نے خطاب کرتے ہوئے بتایا کہ نشتر پریس کلب کا منشور نہ صرف عام عوام کی خدمت کرنا ہے بلکہ صحافیوں کی فلاح و بہبود اور تحفظ کے لیے بھی کام کرنا شامل ہے آخر میں ریڈر کالج کے پرنسپل جناب محمد محبوب الہی نے تمام معزز مہمانوں کا شکریہ ادا کیا اور نشتر پریس کلب گوجرانوالہ کے تمام عہدیداران کو کامیاب پروگرام منعقد کرنے پر مبارکباد دی سینئر صحافی سید محمد اکبر حسین شاہ کیمرہ مین محمد سرفراز حسین شاہ ایکشن کمیٹی نشتر پریس کلب گوجرانوالہ نائب صدر عمر فاروق بٹ اور نائب صدر ایکشن کمیٹی نشتر پریس کلب شیخ محمد عاطف سینئر صحافی ڈاکٹر گلزار احمد نائب صدر طاہر قیوم قادری سینئر صحافی غلام نبی مجددی نائب صدر نشتر پریس کلب گوجرانوالہ اور دیگر عہدیداران وممبران نے شرکت کی اور ملک وقوم کی سلامتی کے لیے خصوصی دیا کی

ماہ صیام کی آمد سے پہلے ہی خود ساختہ مہنگائی پیدا کر کے مہنگائی کے بوجھ تلے دبی عوام پر مزید ظلم کیا جا رہا ہے

کمالیہ)نامہ نگار) ماہ صیام کی آمد سے پہلے ہی خودساختہ مہنگائی پیدا کر کے مہنگائی کے بوجھ تلے دبی عوام پر مزید ظلم کیا جا رہا ہے۔ اب عام ضروریات زندگی کی اشیا بھی عوام کی پہنچ سے دور ہوتی جا رہی ہیں۔ جس میں ان کے لیے گھر کا چولہا جلانا بھی مشکل ہوگیا ہے۔ تفصیل کیمطابق رمضان المبارک کی آمد سے قبل ہی روزمرہ ضروریات زندگی کی اشیا میں خودساختہ مہنگائی کے ذریعے عوام کا لہو نچوڑا جا رہا ہے۔ جو پیاز پہلے 120 روپے تک فروخت ہو رہا تھا اب 240 روپے تک پہنچ گیا ہے اسی طرح آلو، ٹماٹر، سبز مرچ اور دیگر سبزیوں کی قیمتوں کے ساتھ پھلوں کی قیمتوں میں بھی حد درجہ اضافہ ہوگیا جس سے غریب عوام کے لیے یہ چیزیں خریدنا انتہائی مشکل ہوگیا شہریوں نے ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ پرائس کنٹرول کمیٹیوں کو فعال بنائے تا کہ عوام کو روزمرہ زندگی کی اشیا سستے داموں میسر آسکیں۔

بعدالت جناب نعمان مبشر صاحب سول جج گوجرانوالہ

دعوی استقرار حق
عنوان۔ محمد اختر بنام صوبہ پنجاب وغیرہ
اشتہار بنام۔ سعید اختر متوفی بذریعہ وارثان عابدہ بی بی بیوہ۔ بلال سعید۔ برہان سعید پسران۔ ماریہ سعید۔ ثانیہ سعید۔ سعدیہ ارشد دختران سعید احمد قوم گجر ساکنان غنی تحصیل نوشہرہ ورکاں ضلع گوجرانوالہ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر اعتراض ہو تو تاریخ مقررہ مورخہ 12-03-2024 بوقت 9 بجے صبح روبرو عدالت اصالتا وکالتا پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔ اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

بعدالت جناب محترم نوید اشرف اعوان صاحب سول جج گوجرانوالہ

دعوی تنسیخ نکاح ودلاپانے حق مہر ودلاپانے خرچہ نان ونفقہ عنوان۔ مقدس منور وغیرہ بنام محمد ارسلان اشتہار بنام۔ محمد ارسلان ولد محمد ولائیت قوم ملک ساکن ڈھڈی پھپھکر ہ ڈاکخانہ خاص تحصیل پنڈی دادن خان ضلع جہلم حال مقیم گلی جامعہ والی نزد ابوبکر مسجد مسلم ٹاؤن راوی ریان مریدکے ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر اعتراض ہو تو تاریخ مقررہ مورخہ 12-03-2024 بوقت 9 بجے صبح روبرو عدالت اصالتا وکالتا پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔ اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہو گا۔

درستگی نام ولدیت

ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ میرا درست نام ارحم صدیق ولد محمد صدیق کھوکھر اور میرے حقیقی بھائی کا نام مہران علی ولد محمد صدیق کھوکھر ہے۔ جبکہ متعلقہ یونین کونسل نمبر 90 چلاوکی میں ارحم صدیق ولد محمد صدیق اور مہران علی ولد محمد صدیق درج ہے جبکہ میرا درست نام ارحم صدیق اور درست ولدیت محمد صدیق کھوکھر اور میرے حقیقی بھائی کا نام مہران علی اور درست ولدیت محمد صدیق کھوکھر ہے۔ متعلقہ یونین کونسل اور دیگر تمام ادارے نوٹ فرمالیں۔ المشتہر ارحم صدیق ولد محمد صدیق کھوکھر قوم کھوکھر ساکن ڈاکخانہ بوتالہ جھنڈا سنگھ تاری والہ تحصیل نوشہرہ ورکاں ضلع گوجرانوالہ۔

بعدالت جناب مستنصر لطیف چوہدری سول جج صاحب درجہ اول/فیملی کورٹ تاندلیانوالہ ضلع فیصل آباد

دعوی تنسیخ نکاح: بتصور بی بی دختر محمد لیٹین بنام مدثر اقبال ولد احمد علی ذات ڈھل ساکن چک نمبر 454 گ ب تحصیل تاندلیانوالہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے۔ مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ 18-03-2024 بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر حسب ضابطہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہو گا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری کیا گیا۔

بعدالت جناب مستنصر لطیف چوہدری سول جج صاحب درجہ اول/فیملی کورٹ تاندلیانوالہ ضلع فیصل آباد

دعوی دلاپانے خرچہ نان ونفقہ: زرینہ بی بی وغیرہ بنام خضر حسین ولد شہابل ذات بھٹی ساکن 79/D تحصیل وضلع پاکپتن شریف مقدمہ عنوان بالا میں مدعاعلیہ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے۔ مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ مقررہ تاریخ 15-03-2024 بوقت 9 بجے صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آ کر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر حسب ضابطہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہو گا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری کیا گیا۔

بعدالت جناب میاں افضل صاحب نائب تحصیلدار تحصیل شورکوٹ ضلع جھنگ

